# PRESS RELEASE

For immediate release
April 5, 2023

**SECP seeks comments on draft amendments to NBFC Regulations, 2008**

ISLAMABAD, April 5: The SECP has proposed amendments in the Non-Banking Finance Companies and Notified Entities Regulations, 2008 to facilitate adoption of new technologies, improve ease of doing business and enhance investor protection. The draft amendments have been placed on SECP's website for public consultation.

The key proposed amendments include provisions to enable the launch of digital fund management, lending, and trustee services. Provisions also include to enable Asset Management Companies (AMCs) to promptly notify unitholders of account activity and maintain confidentiality of client information. Redundant and superfluous provisions were also removed.

Additionally, the 100% equity cap on total unsecured exposure has been eliminated. Lending NBFCs that have recently received licenses have been given a year to meet the minimum investment requirement in their primary business. Investment Advisors can now provide portfolio management services to all investors in accordance with global best practices, as are countries like Canada, India, and Malaysia. The deadline for submitting CEO applications has been increased from 10 to 30 days.

Furthermore, enabling provisions have been introduced to allow certain financial institutions to distribute units of CIS/VPS without obtaining a license, subject to compliance with S&FA Regulations.

The proposed amendments draft can be accessed at SECP website at https://www.secp.gov.pk/document/s-r-o-423i-2023-amendments-in-nbfc-regulations-2008/?wpdmdl=47428&refresh=642d41213e1361680687393.
SECP invites feedback from stakeholders on the proposed amendments, which can be submitted at following email address ateeq.ahmed@secp.gov.pk.

# ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کے ریگولیشنز میں ترامیم تجویز کر دیں

اسلام آباد، 5 اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نان بینکنگ فنانس سیکٹر میں نئی ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے، سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور کاروباری آسانیوں کی فراہمی کے پیش نظر نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز 2008 میں ترامیم تجویز کر دی ہیں۔ ترامیم کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کر دیا گیا ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ڈیجیٹل فنڈ مینجمنٹ، ڈیجیٹل قرضوں کی فراہمی اور ڈیجیٹل ٹرسٹی خدمات متعارف کرانے سے متعلق دفعات تجویز کی گئیں ہیں۔ مجوزہ ترامیم میں ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کی جانب سے یونٹ ہولڈرز کو فوری طور پر اکاؤنٹ کی ایکٹیویٹی بارے میں مطلع کرنے اور صارفین کی معلومات کو خفیہ رکھنے کے لیے شرائط وضوابط تجویز کیے گئے ہیں۔

مزید برآں، حال ہی میں لائسنس حاصل کرنے والی لینڈنگ نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کو اپنے کاروبار میں سرمایہ کاری کی کم از کم سرمایہ کاری کی حد کو پورا کرنے کے لیے ایک سال کا وقت دے دیا گیا ہے۔ انوسٹمنٹ ایڈوائزرز بھی اب تمام سرمایہ کاروں کو عالمی بہترین طریقوں کے مطابق پورٹ فولیو مینجمنٹ کی خدمات فراہم کر سکیں گے، جیسا کہ کینیڈا، بھارت اور ملائیشیا جیسے ممالک میں ہوتا ہے۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تعیناتی کی درخواستیں جمع کرانے کی مہلت بھی دس دن سے بڑھا کر تیس دن کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

علاوہ ازیں، مالیاتی اداروں کو لائسنس حاصل کیے بغیر اجتماعی سرمایہ کاری کی اسکیموں اور رضاکارانہ پنشن فنڈز کے یونٹس کی تقسیم کی اجازت دینے کی دفعات بھی تجویز کی گئی ہیں، جو سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز، 2017 کی تعمیل کے ساتھ مشروط ہیں۔

مجوزہ ترامیم کے مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ ایس ای سی پی نے مجوزہ ترامیم پر اسٹیک ہولڈرز سے آراء طلب کی ہیں، جو 14 اپریل 2023 تک اس ای-میل پر جمع کرائی جاسکتی ہیں ateeq.ahmed@secp.gov.pk۔